الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد۔ 31 جولائی 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عام انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ اپنے انتخاب میں ہونے والے اخراجات کے گوشوارے 4 اگست 2018 تک متعلقہ ریٹرنگ آفیسر کے پاس جمع کروادیں بصورت دیگران کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جائے گا۔

۲۔ اس ضمن میں الیکشن کمیشن کی جانب سے خواتین اور غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے ایسے تمام امیدواروں جن کا نام امیدواروں کی حتمی فہرست (فارم 33) میں شامل ہے کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اخراجات کے گوشوارے 7 اگست تک متعلقہ ریٹرنگ آفیسر کے پاس جمع کروادیں بصورت دیگران کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جائے گا۔